سلسلہ تفسیر القرآن العظیم

خیرکم من تعلم القرآن وعلمہ

# قَالَ الْمَلَأُ

9

## نویں پارے/جزء کا مختصر تعارف

مضامینِ قرآن کا جامع ومختصر تعارف

حافظ ارشد بشیر عمری مدنی وفقہ اللہ

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

© Copyright Reserved جمیع الحقوق محفوظة

# نویں پارے (جزء) "قال الملاء" کا مختصر تعارف

Edition 2022

**Shaikh Arshad Basheer Umari Madani**
Waffaqahullaah

Hafiz, Alim, Fazil (Madina University, K.S.A), M.B.A.;
Founder & Director of AskIslamPedia.com
Chairman: Ocean The ABM School, Hyderabad, TS, INDIA.
+91 92906 21633 (WhatsApp only)
www.abmqurannotes.com I www.askislampedia.com I www.askmadani.com

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

بسم الله الرحمن الرحيم

رَبِّ أَنزِلْنِي مُنزَلًا مُّبَارَكًا وَأَنتَ خَيْرُ الْمُنزِلِينَ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ إِلَيْكَ مُبَارَكٌ لِّيَدَّبَّرُوا آيَاتِهِ وَلِيَتَذَكَّرَ أُولُو الْأَلْبَابِ

سُوۡرَۃُ صٓ

یہ بابرکت کتاب ہے جسے ہم نے آپ [ﷺ] کی طرف اس لئے
نازل فرمایا ہے کہ لوگ اس کی آیتوں پر غور و فکر کریں
اور عقلمند اس سے نصیحت حاصل کریں۔

| نویں پارے (جـزء) کا مختصر تعارف |
|---|
| قَالَ الْمَلَأُ " Para 9 – Qalal Malao " |

اہل علم نے نویں پارے " قَالَ الْمَلَأُ " کو 18 یونٹس میں بانٹا ہے اور وہ 18 یونٹس حسبِ ذیل ہیں:

| یونٹس کے حساب سے پارہ نمبر 9 " قَالَ الْمَلَأُ " کی آیات اور مضامین کی تقسیم | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹس | آیات | | مضامین |
| | | | سورۃ الاعراف |
| یونٹ نمبر:1 | 88 | 93 | شعیب علیہ السلام کی نصیحتوں کے سلسلے کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:2 | 94 | 102 | ماضی کے أحوال، گناہوں میں ڈوبے لوگوں کا تذکرہ، اور عہد وپیمان توڑنے والوں ذکر ہے۔ |
| یونٹ نمبر:3 | 103 | 126 | گناہ گار لوگوں کا تذکرہ، انبیاء اور مومنین پر نظر کرم کا ذکر پھر اس کے بعد تفصیل کے ساتھ موسیٰ علیہ السلام اور فرعون اور جادوگروں کا واقعہ بیان کیا گیا۔ |
| یونٹ نمبر:4 | 127 | 129 | موسیٰ علیہ السلام علیہ السلام اور اسلام قبول کرنے والوں پر بغاوت کا الزام۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹ نمبر:5 | 130 | 137 | بداعمالیوں کی سزا عذاب ہے، سیاہ دل والے اِقرار کے بعد انکار کر دیا کرتے ہیں، فرعون کے انجام کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:6 | 138 | 141 | بنی اسرائیل کا بت پرستی میں مبتلا ہونے کا ذکر پھر موسی علیہ السلام عَلَيْهِ السَّلَامُ کا ان کو نعمتیں یاد دلانے کا واقعہ، موسی علیہ السلام عَلَيْهِ السَّلَامُ کا کوہ طور پر اللہ سے ہم کلامی کا شرف۔ |
| یونٹ نمبر:7 | 142 | 147 | موسیٰ علیہ السلام کے دیدارِ شوق کا بیان، اور جتنا ممکن ہو وحی کی اتباع کا حکم، تکبر اور غرور کے نقصان کا بیان ۔ |
| یونٹ نمبر:8 | 148 | 159 | بنی اسرائیل کا بچھڑے کی عبادت کرنے کا بیان، موسیٰ عَلَيْهِ السَّلَامُ کی کوہ طور سے واپسی کا ذکر، باہمی قتل کی سزا کا بیان، محمد ﷺ خاتم، بنی اسرائیل انبیاء کا قاتل گروہ ہے۔ |
| یونٹ نمبر:9 | 160 | 171 | بنی اسرائیل کے بارہ قبیلوں کا ذکر، بستی میں سجدہ کرتے ہوئے داخل ہونے کا تذکرہ، ہفتہ عبادت کا دن قرار پایا لیکن اس دن وہ مچھلی کے شکار پر بضد تھے، اصحاب سبت کا ذکر۔ |
| یونٹ نمبر:10 | 172 | 178 | عہد الست کا ذکر، بلعم بن باعوراء کے واقعے کا بیان۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹ نمبر:11 | 179 | 188 | اللہ تعالیٰ عالم الغیب ہے کا بیان،اسماء الحسنیٰ کا بیان،امت محمدیہ ﷺ کے اوصاف کا تذکرہ،اللہ کی نشانیاں گمراہوں کے لئے بے سود ، قریش کے لوگ پوچھا کرتے تھے کہ قیامت کب اور کس وقت آئے گی ،اللہ کے نبی ﷺ کو علم غیب نہیں تھا۔ |
| یونٹ نمبر:12 | 189 | 195 | قیامت کی تفصیلات کا بیان،تمام مخلوق کو ایک جان سے پیدا کیا گیا ہے۔ |
| یونٹ نمبر:13 | 196 | 206 | اولیائے رحمٰن کا ذکر اور ان کے اوصاف کا بیان۔ |
| سورۃ الانفال | | | |
| یونٹ نمبر:14 | 1 | 4 | مومنوں کے اوصاف کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:15 | 5 | 14 | غزوہ بدر کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:16 | 15 | 18 | اللہ تعالیٰ نے معرکہ سے بھاگ جانے والوں کی مذمت کی اور جو ڈٹے رہے انکو اللہ کی طرف سے خوب داد و تحسین سے نوازا گیا۔ |
| یونٹ نمبر:17 | 19 | 29 | اللہ کی نبی ﷺ کی اطاعت شرط اول ،امانت میں خیانت کرنے سے روکا گیا اور تقوی پر چلنے کی تلقین کی گئی۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹ نمبر:18 | 30 | 40 | اللہ کے نبی ﷺ کے قتل کی ناکام سازش، اللہ کا عذاب نہ آنے کا سبب اللہ کے نبی کا کثرت سے استغفار پڑھنا ہے، فتنوں کے ختم ہونے تک قتال کا حکم۔ |

**یونٹ نمبر**:1

نواں پارہ سورۃ الاعراف سورۃ نمبر 7 کی آیت نمبر 88 سے لیکر آیت نمبر 93 میں شعیب علیہ السلام کی نصیحتوں کے سلسلے کا بیان ہے۔

**یونٹ نمبر1: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.1"**

- نوح، ہود، صالح، لوط اور شعیب علیہم السلام کے قصوں کا بیان (59-93)

**یونٹ نمبر**:2

نواں پارہ سورۃ الاعراف سورۃ نمبر 7 کی آیت نمبر 94 سے لیکر آیت نمبر 102 میں کچھ ماضی کے احوال بیان کئے گئے ہیں اور اس کے بعد ان لوگوں کا ذکر ہے جو گناہوں میں پوری طرح ڈوب چکے ہیں، اس کے بعد عہد و پیمان توڑنے والوں کی سزا کا بیان ہے۔

**یونٹ نمبر2: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.2"**

- امتوں کو ہلاک کرنے سے پہلے اللہ کی سنت کہ اللہ ان کو آزماتا ہے (94-95)
- کفار کی طبیعت کا بیان اور ان کو تنبیہ (95-102)

**یونٹ نمبر**:3

نواں پارہ سورۃ الاعراف سورۃ نمبر 7 کی آیت نمبر 103 سے لیکر آیت نمبر 126 میں گناہ گار لوگوں کا تذکرہ، انبیاء اور مومنین پر نظر کرم کا ذکر موسیٰ علیہ السلام علیہ السلام اور فرعون کے مابین مکالمہ، عصائے موسیٰ علیہ السلام علیہ السلام کا ذکر، فرعون کے درباریوں کا فرعون کو مشورہ موسیٰ علیہ السلام علیہ السلام کا جادوگروں سے مقابلہ، جادوگر سجدہ میں گر پڑے یہ دیکھ کر فرعون ان پر بھڑک اٹھا، جادوگروں کے اس طرح مجمع عام میں ہار جانے، پھر اس طرح سب کے سامنے بے دھڑک اسلام قبول کر لینے سے فرعون آگ بگولا ہو گیا اور اس اثر کو روکنے کے لئے سب سے پہلے ان نو مسلموں پر بڑھا جو ابھی ابھی اسلام قبول کئے تھے اور ان سے کہا کہ تم سب موسیٰ علیہ السلام سے ملے ہوئے ہو۔

**یونٹ نمبر 3: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.3"**

- فرعون کے ساتھ موسیٰ علیہ السلام کا قصہ اور آل فرعون کا انجام (103-145)

**یونٹ نمبر: 4**

نواں پارہ سورۃ الاعراف سورۃ نمبر 7 کی آیت نمبر 127 سے لیکر آیت نمبر 129 میں یہ بتایا جارہا ہے کہ بالآخر فرعون نے موسیٰ اور وہ جادوگر جو ایمان لا چکے تھے ان پر بغاوت کا الزام عائد کر دیا۔

**یونٹ نمبر: 15**

نواں پارہ سورۃ الاعراف سورۃ نمبر 7 کی آیت نمبر 130 سے لیکر آیت نمبر 137 میں بد اعمالیوں کی سزا دردناک عذاب ہے، اور جو لوگ سیاہ دل کے مالک ہوتے ہیں وہ اِقرار کے

بعد انکار کر دیا کرتے ہیں فرعون کا حال بھی کچھ ایسا ہی تھا اس کے بعد فرعون کی سر کشی اور اس کے انجام بد کا تذکرہ ہے۔

یونٹ نمبر 5: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.5"

- فرعون کے ساتھ موسیٰ علیہ السلام کا قصہ اور آل فرعون کا انجام (103-145)

**یونٹ نمبر 6:**

نواں پارہ سورۃ الاعراف سورۃ نمبر 7 کی آیت نمبر 138 سے لیکر آیت نمبر 141 میں بتایا جا رہا ہے کہ جب بنی اسرائیل دریا سے صحیح و سالم نکال لیئے گئے اور جب وہ دریا کے پار آئے تو انہوں نے موسیٰ علیہ السلام علیہ السلام سے کہا کہ ہمارے لیے بھی کوئی ایسا بت مقرر کر دیجئے تاکہ ہم اس کی عبادت کر سکیں اور ہمار معبود ہمارے آنکھوں کے سامنے ہو، موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل کو اس گمراہی سے نکالنے کے لیے اللہ کے انعامات یاد دلائے اور یہ بھی یاد دلایا کہ کس طرح اللہ تعالیٰ بنی اسرائیل کو فرعون کی غلامی سے آزاد کیا اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو ہم کلامی کا شرف بخشا اور تورات عطا فرمائی۔

یونٹ نمبر 6: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.6"

- فرعون کے ساتھ موسیٰ علیہ السلام کا قصہ اور آل فرعون کا انجام (103-145)

**یونٹ نمبر 7:**

نواں پارہ سورۃ الاعراف سورۃ نمبر 7 کی آیت نمبر 142 سے لیکر آیت نمبر 147 میں حسب وعدہ موسیٰ علیہ السلام کوہ طور پر پہنچے اور اللہ سے ہم کلامی کا شرف حاصل کیا پھر اللہ تعالیٰ سے کہا کہ

وہ اللہ کو دیکھنا چاہتے ہیں اور اللہ نے فرمایا کہ تم مجھے نہیں دیکھ سکتے، اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے موسی علیہ السلام سے کہا جو کچھ میں نے تم کو وحی ذریعے عطا کیا ہے اس کو مضبوطی سے تھام لو اور اس پر قائم ہو جاؤ اور جتنا ممکن ہو اتنا شکر ادا کرو، اس کے بعد تکبر کا ذکر کیا گیا اللہ تعالیٰ کا ازل سے تمام لوگوں کے ساتھ یہ طریقہ رہا ہے کہ غرور اور تکبر میں مبتلا ہونے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ ان کو حق کی اتباع کا موقعہ نہیں دیتے۔

## یونٹ نمبر 7: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.7"

- فرعون کے ساتھ موسیٰ علیہ السلام کا قصہ اور آل فرعون کا انجام (103-145)
- تکبر کرنے والے اور جھٹلانے والوں کی سزا کا ذکر (147-146)

## یونٹ نمبر: 8

نواں پارہ سورۃ الاعراف سورۃ نمبر 7 کی آیت نمبر 148 سے لیکر آیت نمبر 159 میں یہ بتایا جا رہا ہے کہ جب موسیٰ علیہ السلام علیہ السلام کوہ طور پر تشریف لے گئے تو آپ کے جانے کے بعد بنی اسرائیل نے بچھڑے کی عبادت شروع کر دی، پھر موسی علیہ السلام کی کوہ طور سے واپسی اور اس کے بعد کے أحوال کا بیان اس کے بعد باہمی قتل کی سزا اور ان کے مسائل کا بیان، اللہ تعالی کی جانب سے بنی نوع انسان پر رحمت اور برکات کا تذکرہ اور اس کے بعد محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا خاتم النبیین ہونے کا ذکر، پھر اس کے بعد یہ بتایا گیا کہ بنی اسرائیل نے بے شمار انبیاء کو قتل کیا ہے

۔

## یونٹ نمبر 8: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.8"

- موسیٰ علیہ السلام کی غیر حاضری میں سامری کا بنی اسرائیل کو گمراہ کرنے کا بیان (148-154)
- رسول صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی رسالت تمام عالموں کے لیے ہے اور تمام قوموں کو آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی اتباع کرنا واجب ہے(157-158)
- بعض بنی اسرائیل حق کی اتباع کرتے ہیں اور ان پر اللہ کے انعامات کا تذکرہ (159-160)

**یونٹ نمبر**9:

نواں پارہ سورۃ الاعراف سورۃ نمبر 7 کی آیت نمبر 160 سے لیکر آیت نمبر 171 میں یہ بتایا جارہا ہے کہ بنی اسرائیل بہت سارے قبیلوں میں بٹے ہوئے تھے پھر اللہ نے ان کو بارہ قبیلوں میں تقسیم کر دیا اور حکم ہوا کہ جب بستی میں داخل ہو تو سجدہ کرتے ہوئے داخل ہوں تمہاری خطائیں معاف کر دی جائیں گی، پھر ہفتہ کا دن عبادت کا دن قرار دیا گیا لیکن یہ لوگ اس دن مچھلی کے شکار پر آمدہ تھے ، پھر اصحاب سبت کی تفصیل بیان کی گئی، پھر یہ لوگ نہایت ہی نافرمان ثابت ہوئے اور ان کو ذلت و رسوائی میں مبتلا کر دیا گیا۔

**یونٹ نمبر 9: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.9"**

- بعض بنی اسرائیل حق کی اتباع کرتے ہیں اور ان پر اللہ کے انعامات کا تذکرہ (159-160)
- بنی اسرائیل کے واقعات خصوصاً یوم سبت کا واقعہ(161-171)

**یونٹ نمبر** 10:

نواں پارہ سورۃ الاعراف سورۃ نمبر 7 کی آیت نمبر 172 سے لیکر آیت نمبر 178 میں اعہد الست کا ذکر کیا گیا ہے اور اس کی تفصیل بیان کی گئی ہے جہاں پر تمام بنی آدم نے عہد وپیمان کیا تھا، " بلعم بن باعوراء" کے واقعے کا تذکرہ جو کو اللہ نے اپنی آیات عطا کی لیکن وہ شیطان کی راہ میں لگ گیا اور گمراہ ہو گیا۔

**یونٹ نمبر 10: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.10"**

- بنی آدم سے لیے گئے عہد کا تذکرہ اور ان کی فطرت کا بیان (172-174)

**یونٹ نمبر** 11:

نواں پارہ سورۃ الاعراف سورۃ نمبر 7 کی آیت نمبر 179 سے لیکر آیت نمبر 188 میں یہ بتایا جا رہے کہ اللہ تعالی ہی عالم الغیب ہے اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی غیب جاننے والا نہیں ہے، اس کے ساتھ اسمائے الحسنیٰ کا بیان ہے اور اس کے بعد امت محمد یہ ﷺ کے اوصاف بیان کئے گئے، عیش و عشرت جو نافرمانیوں کی طرف لے جائے اللہ کے عذاب کا موجب بھی ہے، پھر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ میری نشانیاں گمراہ لوگوں کو کوئی فائدہ نہیں پہنچاتی، کفار قریش آخرت کے دن پر یقین نہیں کرتے تھے لہذا وہ سوال کیا کرتے تھے کہ قیامت کب اور کس وقت آئے گی، پھر اس کے بعد یہ بتا دیا گیا کہ اللہ کے نبی غیب کا علم نہیں جانتے تھے۔

**یونٹ نمبر 11: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.11"**

- آسماء حسنیٰ کے ذریعہ دعا کرنے کا بیان (180)
- ہدایت یافتہ لوگوں کا تذکرہ (181)

- جو لوگ اللہ کی نشانیوں میں تفکر اور تدبر نہیں کرتے اور انکار کرتے ہیں وہ گمراہ ہیں (182-186)
- قیامت کب آنے والی ہے اس کا علم صرف اللہ ہی کو ہے (187)
- رسول ﷺ انسان ہیں، اپنے لیے کسی نفع و نقصان کا اختیار نہیں رکھتے اور نہ ہی غیب کا علم جانتے ہیں (188)

**یونٹ نمبر** 12:

نواں پارہ سورۃ الاعراف سورۃ نمبر 7 کی آیت نمبر 189 سے لیکر آیت نمبر 195 میں قیامت کے تفصیلات بیان کی گئی ہیں اور یہ بتایا گیا ہے کہ ساری مخلوق ایک نفس سے پیدا کی گئی ہے۔

**یونٹ نمبر 12: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.12"**

- مشرکین کی طبیعت اور ان کے افتراپردازیوں کا بیان اور ان کی تردید (198-189)

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

**یونٹ نمبر** 13:

نواں پارہ سورۃ الاعراف سورۃ نمبر 7 کی آیت نمبر 196 سے لیکر آیت نمبر 206 میں اولیاء الرحمٰن کا ذکر ہے، رحمٰن کے دوست کون ہیں اور ولی کون ہیں اس کی وضاحت کی گئی ہے۔

**یونٹ نمبر 13: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.13"**

- مشرکین کی طبیعت اور ان کے افتراپردازیوں کا بیان اور ان کی تردید (198-189)

- اخلاق فاضلہ کی تعلیمات (199-203)
- جب قرآن پڑھا جائے تو خاموش رہنے کا تذکرہ (204-205)
- مومن کی حقیقت (206)

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# سُوۡرَةُ الۡاَنۡفَالِ

# SURAH AL-ANFAAL

| The Spoils of war | Maal E Ghanimat | مالِ غنیمت |
|---|---|---|
| "The Place of Revelation" / مقام نزول - مدینہ<br>Mdinah | | |
| یہ سورت مدینہ میں نازل ہوئی | | |

AskIslamPedia
Free Online Islamic Encyclopedia

## "Few Objectives" بعض اہداف

- الٰہی ومادی مدد کے قوانین کا بیان۔[1]
- یہ سورت غزوات کے شرعی مسائل سے متعلق ہے۔(جہاد میں اسلامی اخلاق کا دامن نہ چھوڑیں، جہاد خواہشات کی خاطر یا ظلم کے طور پر نہیں کیا جاتا بلکہ امن قائم کرنے، ظالم کا ہاتھ پکڑنے اور اعلاء کلمۃ اللہ کے لیے کیا جاتا ہے)۔[2]

---

[1] مزید معلومات کے لیے اس کتاب کو ضرور پڑھیں (أسباب نصر اللہ للمؤمنین علی أعدائھم: عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز۔

[2] {مزید معلومات کے لیے اس کتاب کو ضرور پڑھیں (غزوات الرسول صلی اللہ علیہ وسلم: إسماعیل بن عمر بن کثیر)، اخلاق النبي في الحرب - أماني زکریا الرمادي}

- اس میں بتایا گیا کہ مدد کب اور کیسے آتی ہے۔ مدد اچانک نہیں آتی اس کے بھی قوانین ہوتے ہیں۔ کائنات میں اللہ نے اسباب بنائے ہیں اصل مسبب تو اللہ ہی ہے۔[3]

## مناسبت / لطائف تفسیر

- سورہ اعراف میں بتایا گیا کہ گزشتہ انبیاء کا اپنی قوم سے سابقہ کیسا پڑا جبکہ سورہ انفال میں بتایا گیا کہ محمد ﷺ کا اپنی قوم سے سابقہ کیسا پڑا۔[4]
- جنگ بدر کے بعد مسلمانوں کی کچھ کمزوریاں ظاہر ہوئیں تو دوران سورت ان کی اصلاح کی گئی۔
- کفار قریش نے طرح طرح کے سوالات اٹھائے کہ نبی اپنے ہی قبیلہ کے لوگوں کو لڑانے اور قید کرنے کے ذمہ دار ہیں، کیا نبی رشتہ داروں سے فدیہ لیتا ہے؟ ایسا شخص نبی نہیں ہو سکتا، نعوذ باللہ من ذلک۔ سورہ انفال میں جواب دیا گیا ہے ان سارے اعتراضات کا۔
- یہ سورت غزوۂ بدر کے بعد نازل ہوئی، اس لیے بعض صحابہ اسے سورۃ البدر بھی کہتے ہیں اور قرآن نے اسے "الفرقان" سے بھی موسوم کیا۔[5]

---

[3] (مزید معلومات کے لیے اس کتاب کو ضرور پڑھیں (أسباب نصر اللہ للمؤمنین علی أعدائهم: عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز)

[4] (نظم الدرر: 3:182)

[5] (مزید تفصیل کے لیے تفسیر ابن کثیر ج/4/ص 101 دیکھیں)

**یونٹ نمبر** :14

نواں پارہ سورۃ الانفال سورۃ نمبر 8 کی آیت نمبر 1 سے لیکر آیت نمبر 4 میں مومنوں کی صفتیں اور ان کے اوصاف بیان کئے گئے ہیں۔

**یونٹ نمبر 13: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.13"**

- مال غنیمت کے احکامات (1)
- مومنوں کی صفات کا تذکرہ (2-4)

**یونٹ نمبر** :15

نواں پارہ سورۃ الانفال سورۃ نمبر 8 کی آیت نمبر 5 سے لیکر آیت نمبر 14 میں غزوہ بدر کا واقعہ بیان کیا گیا ہے یہ اسلام کا سب سے پہلا غزوہ ہے یہاں پر اللہ تعالیٰ اپنا احسان بیان کر رہے ہیں کہ کس طرح سے اللہ تعالیٰ کی تائید اور نصرت سے غزوہ بدر فتح ہوا۔

**یونٹ نمبر 13: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.13"**

- غزوہ بدر کا قصہ مذکور ہے (5-14)

**یونٹ نمبر** :16

نواں پارہ سورۃ الانفال سورۃ نمبر 8 کی آیت نمبر 15 سے لیکر آیت نمبر 18 میں یہ بتایا جارہا ہے کہ معرکہ سے راہ فرار اختیار کرنے والے بہت ہی برے لوگ ہیں اور جو لوگ اس معرکہ میں ڈٹے رہے اللہ تعالیٰ نے انہیں اعزاز بخشا اور ان کو بلندی عطا فرمائی۔

**یونٹ نمبر 13: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.13"**

- قتال سے بھاگنے کی حرمت(15-16)
- اللہ نے اہل بدر پر جو انعامات کیے اس کا بیان(17-19)

**یونٹ نمبر**17:

نواں پارہ سورۃ الانفال سورۃ نمبر 8 کی آیت نمبر 19 سے لیکر آیت نمبر 29 میں یہ بتایا گیا کہ اللہ کے نبی ﷺ کی اطاعت شرط اول ہے اس کے لیے اللہ تعالیٰ نے مومنوں کی رہنمائی بھی فرمائی اور اس کے بعد یہ تاکید کی گئی کہ امانتوں میں خیانت سے بچیں اور تقویٰ اختیار کریں اور تقویٰ کی عظمت اور فضیلت بیان کی گئی۔

**یونٹ نمبر 13: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.13"**

- اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرنے اور ان کی دعوت کو قبول کرنے پر ابھارا گیا اور تقوی کے فوائد کا بیان(20-29)

**یونٹ نمبر**18:

نواں پارہ سورۃ الانفال سورۃ نمبر 8 کی آیت نمبر 30 سے لیکر آیت نمبر 40 میں یہ بتایا جا رہا ہے کہ قریش مکہ نے اللہ کے نبی ﷺ کے قتل کی سازش تیار کی تھی لیکن اللہ تعالیٰ نے ان اس سازش کو ناکام بنا دیا، اللہ کے نبی ﷺ کے کثرت سے استغفار کرنے کی وجہ سے قریش مکہ پر عذاب نازل نہیں کیا گیا لیکن جب قتال شروع ہوا تو یہ حکم دیا گیا کہ قتال اس وقت جاری رہے گا جب تک کہ فتنہ و فساد ختم نہ ہو جائیں۔

**یونٹ نمبر 13: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.13"**

- نبی ﷺ کے خلاف مشرکین کے مکر اور ان کی سزا کا بیان(30-35)
- مشرکین کا اللہ کی راہ سے روکنے کے لیے خرچ کرنے کا بیان اور اس کی پاداش میں دنیا و آخرت میں ان کی سزا کا بیان(36-40)

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# Free Islamic Books

www.abmqurannotes.com I www.askislampedia.com I www.askmadani.com

**Shaikh Arshad Basheer Umari Madani**
Hafiz, Alim, Fazil (Madina University, K.S.A), M.B.A.;
Founder & Director of AskIslamPedia.com
Chairman: Ocean The ABM School, Hyd.
+91 92906 21633 (WhatsApp only)